(۲)

امام دارقطنی — مولانا ارشاد الحق اثری

صفحات — ۱۹۶

قیمت — ؟

پتہ — ادارہ علوم اثریہ۔ منٹگمری بازار۔ لائل پور

امام دارقطنی (۳۰۶ھ ف ۳۸۵ھ) اپنے دور کے عظیم محدث، جرح و تعدیل کے مسلمہ امام، زبردست نقاد، عظیم مجتہد، علل حدیث کے رازدان، حدیث رسول کے غیور اور صاحب بصیرت پاسبان تھے، جزاہ اللہ عنا وعن سائر المسلمین خیرا حسنا وافیا۔

زیر تبصرہ کتاب اسی یگانہ روزگار ہستی کا بصیرت افروز جامع اور معلومات افزا تعارف ہے اور بہت خوب ہے۔

اس کتاب کا بالخصوص وہ حصہ جو امام موصوف کی فنی حذاقت، علمی نکرات، معیاری تالیفات کے تعارف سے ہے یا وہ ان کے سلسلے کی بعض غلط فہمیوں کے ازالے سے تعلق رکھتا ہے۔ نہایت دلچسپ اور خاصا معلوماتی ہے۔

مولانا ارشاد الحق ایک ایسے فاضل نوجوان ہیں جن کی علمی تخلیقات سے اندازہ ہوتا ہے کہ اگر انھوں نے یہ سلسلہ اسی طرح جاری رکھا تو ان شاء اللہ عنقریب ان کا قلم اور فکر اپنا ایک مخصوص اور منفرد مقام پیدا کرلیں گے اور ان کے مضامین میں گہرائی اور گیرائی روز افزوں مشاہدہ کی جاسکیں گی۔

ع اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ

ضمنی طور پر اس کتاب میں بعض نکات بڑے دلچسپ آگئے ہیں، ہاں کہیں کہیں لہجہ تیز ہوگیا ہے، اگر نہ ہوتا تو بہتر رہتا۔

(۳)

پیارے رسول کی پیاری نماز — از ادارہ علوم اثریہ۔ لائل پور

صفحات — ۵۲

قیمت — مفت۔ للوجہ اللہ

پتہ — ادارہ علوم اثریہ۔ منٹگمری بازار۔ لائل پور

نماز مومن کی معراج ہے۔ نمازی نماز میں رب سے ہمکلام ہوتا ہے اور اس پر یہ سماں طاری ہوتا